3 - 6 - 11 مدینہ یونیورسٹی میں جامعہ دارالعلوم بلتستان کے درج ذیل پانچ سپوتوں کو دراسات علیا (M-A سیکشن) میں داخلہ ملا: عبدالرحیم حسین، محبوب محمد علی، ابراہیم عبدالرحیم، نور کاظم اور سمیع اللہ عبدالرشید۔ یہ طلباء امسال مختلف کلیات سے فارغ ہوئے ہیں۔ اس پُرمسرت موقع پر اساتذہ وطلباء دارالعلوم بلتستان ان طلباء کو اس غیر معمولی اعزاز پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دیتے ہیں۔

11 - 6 - 11 ماہنامہ شندور (گلگت بلتستان) کے چیف ایڈیٹر اور شندور بائیوگیس کمپنی کے چیف ایگزیٹیو جناب محمد علی مجاہد صاحب تشریف لائے اور انتظامیہ و اساتذہ دارالعلوم سے ملاقات کی۔

آپ نے جامعہ دارالعلوم کی ایندھن کی ضرورت کے پیش نظر ادارہ کے ساتھ ایک معاہدہ کیا جس کے بعد جامعہ کے لیے بائیوگیس پلان کی تعمیر کا کام شروع ہوا۔

12 - 6 - 11 رابطہ عالم اسلامی اسلام آباد دفتر کے مدیر جناب محمد عبدہ عتین صاحب تشریف لائے۔ آپ کے اعزاز میں ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا۔ جامعہ دارالعلوم اور الاثر پبلک سکول کے طلباء نے عربی، اردو اور انگریزی میں تقریریں کیں۔ بعد ازاں ناظم اعلیٰ مولانا عبدالواحد عبداللہ نے اپنے سپاسنامے میں مملکت سعودیہ عربیہ اور رابطہ عالم اسلامی کی انسانی، فلاحی اور دعوتی خدمات کا تذکرہ کرتے ہوئے خراج تحسین پیش کیا۔ پھر رئیس مجلس العمل الشیخ محمد حسین آزاد الرحمانی نے کلمۃ الدعاۃ پیش کیا۔ جواب میں معزز مہمان نے اپنے امڈتے جذبات وتأثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میں ادارہ ہذا کے اعمال ونشاطات کو اپنی آنکھوں سے دیکھ کر بہت متأثر ہوا ہوں۔ ان شاءاللہ العزیز سعودیہ عربیہ پر مسلّط تنگی کے ایام ختم ہونے والے ہیں اور ھیئۃ الإغاثۃ العالمیۃ رابطہ عالم اسلامی کے داعیوں کو جلد از جلد خوشخبری ملنے والی ہے۔ اس کے بعد آپ نے رابطہ کی طرف سے تین حلقاتِ قرآنیہ کی منظوری کی نوید سحر سنائی۔ آپ نے اپنے ناصحانہ کلام میں مسلمانوں کو اعلیٰ وسعت ظرفی کا ثبوت دینے، فقہی مسالک کے فرق سے صرف نظر اتحاد واتفاق کا مظاہرہ کرنے اور تحمل وبرداشت اور رواداری کا ثبوت دینے کی ضرورت پر زور دیا۔